SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
MODEL PAPER
GRADE 5
URDU PART – B (Subjective Type)

[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks]

School : ______________________

Tehsil : ______________ **District:** ______________

Student Name : ______________ **Section :** ______________

Roll Number : ______________ **Date :** ______________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:

۱۔جواب لکھنے کے لیے علیحدہ سے جوابی کاپی کا استعمال کریں اور اس کے اوپر بھی اپنے بارے میں معلومات دیں۔

۲۔غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں۔

۳۔ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

۴۔ جواب لکھنے کے لیے کالی/نیلی روشنائی کا استعمال کریں۔کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	حصہ ب (انشائیہ سوالات)	کل نمبر: 50

Result.pk

سوال نمبر 1: : درج ذیل اشعار کو نثر میں تبدیل کر کے لکھیں۔ (کل نمبر 10)

ہونے کو آئی صبح تو ٹھنڈی ہوا چلی
کیا دھیمی دھیمی چال سے یہ خوش ادا چلی
لہرا دیا ہے کھیت کو، ہلتی ہیں بالیاں
پودے بھی جھومتے ہیں لچکتی ہیں ڈالیاں

سوال نمبر 2: : چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اُسے گھر کی دیکھ بھال کی تلقین کریں۔(کل نمبر 10)

سوال نمبر 3: : "شہری یا دیہاتی زندگی" کو پسند کرنے کے عنوان پر دس جملوں پر مشتمل مضمون لکھیں۔(کل نمبر 10)

سوال نمبر 4: : ایک کہانی لکھیں جس کا نتیجہ : "احسان کا بدلہ احسان ہو۔" (کل نمبر 10)

سوال نمبر 5: : سننے اور لکھنے کا امتحان: (کل نمبر10)

ممتحن کے لیے ہدایات:

- ممتحن کمرے کو شور اور خلفشار سے پاک بنائے گا۔
- ممتحن طلبہ کو بتائے گا کہ وہ ایک پیراگراف کو دو بار سننے جا رہے ہیں اور پیراگراف کو توجہ سے سنا جائے۔
- ممتحن کلاس میں متن کے پیراگراف کو دو بار اونچی آواز میں پڑھے گا۔
- سوالات پڑھنے کے بعد ممتحن طلبہ کو بتائے گا کہ وہ پیپر پر مہیا کی گئی جگہ پر سوالات کے جوابات لکھیں۔
- ممتحن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ طلبہ کو سوالات کی سمجھ آ گئی ہے اور وہ پیپر پر لکھنے کے قابل ہیں۔
- طلبہ کو 15 منٹ تک وقت دیا جائے گا کہ وہ اپنا جواب تسلی سے لکھیں اور اس کے بعد طلبہ سے یہ شیٹ واپس لے لی جائے گی۔

پیراگراف:

انٹرنیٹ کا استعمال بزرگوں میں بھی عام ہوتا جا رہا ہے۔ دانیال کے دادا دادی قرآن پاک کی تلاوت انٹرنیٹ کے ذریعے سے سننے کا اہتمام کرتے ہیں۔مکہ منورہ اور مدینہ منورہ سے نشر ہونے والی اذان اور نماز کی ادائیگی براہ راست دیکھنا بھی ممکن ہو گیا ہے۔دُنیا کا شاید ہی کوئی شعبہ ایسا ہو جس کے بارے میں انٹرنیٹ سے رہنمائی نہ ملتی ہو۔طب اور دفاع کے شعبوں میں بھی انٹرنیٹ سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ہزاروں میل کی دُوری پر مریض اور معالج ایک دوسرے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔مرض کی تشخیص اور ادویات کے متعلق معلومات کے تبادلے بھی انٹرنیٹ کی مدد سے ممکن ہو گئے ہیں۔

نوٹ: یہاں سے پیپر الگ کر لیں--✂

عزیز طلبہ ! آپ کو پیراگراف پڑھ کر سنایا جائے گا۔آپ پیراگراف کو غور سے سنیں۔ پیراگراف سننے کے بعد مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔ (کل نمبر10)

سوالات:

i۔انٹرنیٹ کتنے شعبوں میں رہنمائی فراہم کرتا ہے؟(2)

ii۔انٹرنیٹ سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟(2)

iii۔انٹرنیٹ کو مریض کس لیے استعمال کرسکتا ہے؟(2)

iv۔لفظ ”مریض “کا متضاد بتائیں۔(2)

v۔لفظ ”استفادہ“ کا معنی کیا ہے؟(2)

Result.pk